(History of Urdu Literature: From Beginning to 19th Century) تاریخ ادبِ اردو، آغاز سے انیسویں صدی تک

BSU-305 Semester 6 Credit Hours 03

تعارف:

تاریخ بہ یک وقت واقعے اور بیانِ واقعہ سے عبارت ہے۔ ایسا بیانِ واقعہ جو صرف واقعات کو پیش نہ کرے، ان کے اسباب پر بھی روشنی ڈالے۔ ادب کی تاریخ، ایک عہد کی جملہ ادبی اصناف، ان کی شعریات، ان کے اسالیب اور ان کے موضوعات ہی کا احاطہ نہیں کرتی، ان کے اسباب کو بھی ضابطہ ءِ تحریر میں لاتی ہے۔ کسی عہد میں رونما ہونے والی ادبی تبدیلیاں، اپنا اظہار رجحانات اور تحریکوں کی صورت کرتی ہیں۔ اس کورس میں طلبا اردو ادب کی تاریخ کے ابتدائی دور سے بیسویں صدی کی دو اہم تحریکوں کا مطالعہ کریں گے۔ وہ عہد وسطیٰ کے دکن، دہلی اور لکھنؤ میں اردو ادب کے ارتقا کا مطالعہ کریں گے اور اس کے بعد نو آبادیاتی عہد کی اہم تحریک علی گڑھ اور انجمن پنجاب کا مطالعہ کریں گے۔

مقاصد:

1۔ ادبی تاریخ کی اہمیت سے طلبا کو آگاہ کرنا۔
2۔ اردو ادب کے اہم ادوار سے طلبا کو متعارف کروانا۔
3۔ اہم رجحانات اور تحریکوں کے اردو ادب کے ارتقا میں کردار سے طلبا کو آگاہ کرنا۔

تفصیل کورس

1۔ اردو زبان و ادب کی ابتدائی روایت: بہمنی و گجراتی
2۔ دکنی ادب (قطب شاہی اور عادل شاہی ادوار)
3۔ اٹھارویں صدی کے شمالی ہند کا سماجی، تہذیبی اور ادبی مطالعہ
4۔ ایہام گوئی کی تحریک اور ردِ عمل
5۔ دبستان دہلی (میر و سودا، غالب و مومن کے ادوار)
6۔ دبستان لکھنؤ (جرأت و انشا، آتش و ناسخ کے ادوار)
7۔ فورٹ ولیم کالج کی نثری خدمات
8۔ علی گڑھ تحریک (پس منظر-سوانح نگاری-مضمون-ناول-شاعری)
9۔ انجمن پنجاب (پس منظر۔ قیام۔ موضوعاتی مشاعرے)

Teaching-learning Strategies: **Lecturing, Explicit Instruction, Effective Questioning Techniques**

- Assessment and Examinations:

Sr. No.	Elements	Weightage	Details
34.	Midterm Assessment	35%	It takes place at the mid-point of the semester.
35.	Formative Assessment	25%	It is continuous assessment. It includes: classroom participation, attendance, assignments and presentations, homework, attitude and behavior, hands-

			on-activities, short tests, quizzes etc.
36.	Final Assessment	40%	It takes place at the end of the semester. It is mostly in the form of a test, but owing to the nature of the course the teacher may assess their students based on term paper, research proposal development, field work and report writing etc.

مجوزہ کتب:

انور سدید، ڈاکٹر۔ اردو ادب کی تحریکیں۔ کراچی: انجمن ترقی اردو پاکستان، ۱۹۸۳ء

تبسم کاشمیری، ڈاکٹر۔ اردو ادب کی تاریخ۔ لاہور: سنگِ میل پبلی کیشنز، ۲۰۰۲ء

جمیل جالبی، ڈاکٹر۔ تاریخ ادبِ اردو۔ (جلد اوّل تا چہارم)۔ لاہور: مجلسِ ترقی ادب، ۱۹۹۵ء

خواجہ محمد زکریا، ڈاکٹر۔ مدیر عمومی۔ تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان وہند۔ لاہور: جامعہ پنجاب، ۲۰۲۰ء

سید عبد اللہ، ڈاکٹر۔ سر سید اور ان کے نامور رفقا کی نثر۔ لاہور: مکتبہ کارواں، ۱۹۶۵ء